# LOTTE CHEMICAL PAKISTAN LTD

# نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ LOTTE کیمیکل پاکستان لمیٹڈ کا اٹھارہواں سالانہ اجلاس عام جمعرات 21 اپریل 2016 کو صبح ساڑھے دس بجے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) آڈیٹوریم چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایوینیو۔ کلفٹن کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

## عمومی امور:

1- 31 دسمبر 2015 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی اور غوروخوض۔

2- کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اوران کے معاوضے کا تعین۔

## خصوصی امور:

3- مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد پر غوروخوض اور موزوں پانے پر منظور کرنا۔

بذریعہ خصوصی قراداد، قرار پایا کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں حسب ذیل ترمیم کی جائے۔

### (الف) آرٹیکل 53 کے فوری بعد نئے آرٹیکل کی بطور آرٹیکل 53 A کی شمولیت

53 اے: کمیشن کی جانب سے وقتاً فوقتاً اس ضمن میں وضع کئے گئے رولز یا ریگولیشنز کے تحت ممبران اجلاس عام میں بذریعہ الیکٹرونک ذرائع رائے دہی کے اختیارات کمپنی کو مروجہ قوانین کے تحت انتخاب میں حصہ لینے کے لئے مذکورہ طریقہ کار اپنانے کے لئے مطلع کرنے پر بروئے کار لاسکتے ہیں۔ کمپنی اس صورت میں کمیشن کی مقررکردہ شرائط اور طریقہ کار پر رائے دہی کے لئے الیکٹرونکس ذرائع کی سہولت فراہم کرے گی۔

### (ب) آرٹیکل 60 کی جگہ متبادل آرٹیکل 60 کی شمولیت

60: پروکسی کی تقرری کی دستاویز پر مجاز ممبران اس کے مقرر کردہ اٹارنی کے دستخط ہونے چاہئیں اگر مذکورہ ممبر کارپوریشن ہو تو اس کے مقرر کردہ آفیسر یا اٹارنی کے دستخط اور مہر ہونی چاہیے۔ ایک مخصوص اجلاس کے لئے مقرر کردہ پروکسی 'اسپیشل پروکسی' کہلائے گا۔ دیگر پروکسی کو جنرل پروکسی کہا جائے گا۔ آرٹیکل 67 کے تحت کمپنی کے ممبر کے علاوہ کوئی دیگر فرد پروکسی مقرر نہیں کیا جاسکتا وہ رائے دہی کا اہل نہ ہوگا۔ مذکورہ صورت میں الیکٹرونکس ذرائع سے رائے دہی کے لئے ممبر اور غیر ممبر کسی کو بھی پروکسی مقرر کیا جاسکتا ہے۔

### (ج) آرٹیکل 63 کے متبادل نئے حسب ذیل آرٹیکل 63 کی شمولیت

63: اسپیشل پروکسی کی تقرری کی دستاویز حسب ذیل فارم کی صورت میں قبول کی جائے گی اور کمپنی کے پاس جمع رہے گی۔

### LOTTE کیمیکل پاکستان لمیٹڈ

میں ____ از ____ بطور LOTTE کیمیکل پاکستان کا ممبر ____ کی (یا ان کے حاضر نہ ہونے کی صورت میں) ____ یا ان کے حاضر نہ ہونے کی صورت میں ____ از ____ کو کمپنی کے (سالانہ یا غیر معمولی' جو بھی ہو)

.....20ء کو منعقد ہونے والے اجلاس عام میں میری عدم موجودگی پر شرکت اور رائے دہی اور کسی التواء کے لئے پروکسی مقرر کرتا ہوں۔

بحیثیت گواہ میرے دستخط ____ تاریخ .....20ء

مذکورہ دستخط: ____

میری موجودگی میں: ____

ہمیشہ یاد رکھیں کہ خصوصی پروکسی کی تقرری کی دستاویز آرڈیننس کے فرسٹ شیڈول کی ٹیبل اے ریگولیشن 39 کے تحت فارم کی صورت میں ہوگی۔ مندرجہ بالا کے برعکس نہیں' الیکٹرونک ذرائع سے ووٹنگ کی صورت میں غلطی پر پروکسی دستاویز کارآمد نہیں ہوگی۔ الیکٹرونک ذرائع سے ووٹنگ کی صورت میں پروکسی کی تقرری کی دستاویز ایسے فارم کی صورت میں مروجہ قوانین کے تحت مقررہ طریقہ کار سے کمپنی کو پیش کیا جائے گا۔

کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984 کی دفعہ 160(1)(بی) کے تحت متوقع سالانہ اجلاس عام میں زیرغور لائے جانے والے خصوصی امور کے ضمن میں ایک گوشوارہ منسلک ہے۔

**بحکم بورڈ**

کراچی
25 مارچ 2016

**فیصل عابد**
**کمپنی سیکرٹری**

## نوٹس:

1- کمپنی ممبران کا رجسٹر اور کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس منگل 12 اپریل سے جمعرات 21 اپریل تک بند رہیں گے۔ (دونوں دن شامل ہیں) جو ٹرانسفرز طریقہ کار کے مطابق 11 اپریل 2016 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8 متصل فاران ہوٹل، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو موصول ہوجائیں گے۔ وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

2- صرف وہ اشخاص جن کے نام 12 اپریل 2016 تک کمپنی ممبران کے رجسٹر میں آئے ہیں، وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت، شمولیت اور ووٹ دینے کے حقدار ہوں گے۔

کمپنی کا ممبر، جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ہوگا، اسے یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ وہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کرسکے۔ وہ پراکسیز جو اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر موصول ہوجائیں گی۔ وہی مؤثر سمجھی جائیں گی۔ پراکسی فارم کی مزید کاپیاں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے عام دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.lottechem.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جاسکتا ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید براں سیکیوریٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر 1 مؤرخہ 26 جنوری 2000 میں درج ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

### (الف) اجلاس میں شرکت کے لئے:

(i) وہ اشخاص، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا شخص جن کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اوران کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں۔ وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط اجلاس کے وقت فراہم کئے جائیں۔ (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں)۔

### (ب) پراکسیز کی تقرری کے لئے:

(i) وہ اشخاص، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا شخص جن کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اوران کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں۔ وہ درج بالا طریقے کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم کوئی دو اشخاص سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائز قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہونے چاہئیں۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک ہونی چاہئیں۔

(iv) اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ فراہم کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط کے نمونے پراکسی کے ساتھ کمپنی کو فراہم کئے جائیں (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں)۔

3- ممبران سے درخواست ہے کہ وہ باقاعدہ طور پر پُر کیے گئے ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم فراہم کریں تاکہ وہ کمپنی کی طرف سے اعلان کردہ کیش ڈیویڈنڈ، اگر کوئی ہو، کو ایس ای سی پی (SECP) نوٹس نمبر SM/ CDC 2008 (4)8 مؤرخہ 5 اپریل، 2013 کے تجویز کردہ ای۔ ڈیویڈنڈ پیمنٹ طریقہء کار کے ذریعے براہِ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں حاصل کریں۔ جو ممبران ای۔ ڈیویڈنڈ کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں، اُن ممبران کو ڈیویڈنڈ وارنٹ ارسال نہیں کئے جائینگے۔ جو ممبران ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فراہم نہیں کررہے ہیں، اُن کے لیے بذریعہ ڈیویڈنڈ وارنٹس، ادائیگی جاری رکھی جائے گی۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم، کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

4- یکم جولائی 2015 سے مؤثر فنانس ایکٹ کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت انکم ٹیکس کی نئی شرح تجویز کی گئی ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

(a) انکم ٹیکس گوشوارے داخل کرنے والوں کے لئے ٹیکس شرح 12.5%

(b) انکم ٹیکس گوشوارے داخل نہ کرنے والوں کے لئے ٹیکس شرح 17.5%

کمپنی کو 17.50 فیصد کی بجائے 12.50 فیصد کی شرح سے ودہولڈنگ ٹیکس منہا کرنے میں سہولت کے لئے فائلر ہونے کے باوجود جن ممبران کے نام فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (ایف بی آر) کی فراہم کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں نام موجود نہ ہونے پر ATL میں اپنے نام کے اندراج کی یقین دہانی کرلیں بصورت ان کی ڈیویڈنڈ کی رقم پر 12.5 کی بجائے 17.5 کی شرح سے ودہولڈنگ ٹیکس منہا کرلیا جائے گا۔

مزید براں ایف بی آر سے موصول وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر کے فائلر/ نان فائلر کے علیحدہ علیحدہ اعتبار سے اور جوائنٹ ہولڈرز کے جوائنٹ اکاؤنٹس میں تناسب کے اعتبار سے کیا جائے گا۔ اس ضمن میں جوائنٹ شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے تناسب سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر حسب ذیل مطلع کریں۔

| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | کل شیئر | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور سی این آئی سی نمبر | حصص کا تناسب (شیئر کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر کا تناسب (شیئر کی تعداد) |

شیئر ہولڈرز کو چاہیے کہ وہ اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ انھوں نے ایف بی آر کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ اے ٹی ایل کے مطابق ٹیکس اسٹیٹس چیک کرنے کے لیے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ این ٹی این کو اپنے متعلقہ حصہ دار/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (اگر شیئر ہولڈنگ بُک انٹری فارم میں موجود ہے) یا کمپنی شیئر رجسٹرار (اگر شیئر ہولڈنگ فزیکل فارم میں موجود ہے) کو فراہم کردیئے ہیں۔

5- ایس آر او 787(1)/2014 مؤرخہ 8 ستمبر 2014ء کے تحت ایس ای سی پی نے شیئر ہولڈر کو آڈٹ شدہ مالی گوشوارے اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دیدی ہے۔ اس کے مطابق سالانہ رپورٹ معہ AGM نوٹس بذریعہ ای۔ میل سافٹ کاپی موصول کرنے کے متمنی ممبران اپنی تحریری درخواست مع کوائف یعنی نام، فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، ای میل، ایڈریس، ٹیلی فون نمبر، سی این آئی سی نمبر (کاپی منسلک کریں) داخل کرادیں۔ حصص یافتگان سے E-mail ایڈریس میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

6- ایس ای سی پی (SECP) کے حکم کے مطابق، ڈیویڈنڈ وارنٹس پر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر کا لکھنا انتہائی ضروری ہے۔ لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کا لکھنا انتہائی ضروری ہے۔ لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروائیں۔ درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں LOTTE کیمیکل پاکستان لمیٹڈ، (SECP) کے ایس آر او 831(1)2012 مؤرخہ 5 جولائی، 2012 پر عمل کرنے سے قاصر ہوگا اور لہٰذا مستقبل میں کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے سیکشن 251(2)(a) کے تحت، ایسے شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ وارنٹس نہ بھیجنے پر مجبور ہوسکتی ہے۔

7- ممبران سے درخواست ہے کہ اگر انکے رجسٹرڈ پتے میں کوئی تبدیلی آئے تو ہمارے شیئرز رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فوراً مطلع کریں۔

8- سال 2015 کے کمپنی کے آڈیٹڈ اکاؤنٹس، کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کئے جاچکے ہیں۔

### کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984ء کی دفعہ 160(1)(بی) کے تحت گوشوارہ

گوشوارہ ہذا کمپنی کے جمعرات 21 اپریل 2016 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں زیرغور لائے جانے والے خصوصی امور کے متعلق ٹھوس حقائق پر مبنی ہے۔

### ایجنڈہ کا آئیٹم (3)

کمپنیز (ای-ووٹنگ) ریگولیشنز مجریہ 2016ء میں درج ہے کہ الیکٹرونک ذرائع سے ووٹ دینے کے متمنی کمپنی کے ممبران اپنی جانب سے الیکٹرونک ووٹنگ کے ذریعے ووٹنگ کے لئے کسی ممبر/ نان ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتے ہیں۔ الیکٹرونک ووٹنگ اور غیر ممبر کو، ووٹنگ کے لئے پروکسی مقرر کرنے کے سلسلہ میں حصص یافتگان کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی منظوری حاصل کی جارہی ہے۔

مندرجہ بالا مقصد کے لئے مطلوبہ قرارداد سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں موجود ہے کہ قرارداد پیش کی جائے گی اور خصوصی قرارداد کے طور پر پاس کی جائے گی۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز مذکورہ بالا امور میں بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی دلچسپی نہیں۔